ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 04 جولائی 2019ء۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے حیدری مارکیٹ صرافہ بازار میں ہونیوالی واردات کا سراغ لگانے اور ملوث ملزمان کی گرفتاری و سونا برآمدگی پر ایس ایس پی سینٹرل اور انکی ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے شاباش دی ہے۔

ایس ایس پی سینٹرل کی رپورٹ کے مطابق:۔

- ☆ حیدری مارکیٹ صرافہ بازار میں کروڑوں روپے کی واردات کا سراغ لگالیا گیا۔
- ☆ واردات میں ملوث چار ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔
- ☆ کروڑوں روپے مالیت کا تین کلو سے زائد سونا اور نقدی برآمد۔
- ☆ ملزمان کا یہ گروہ ماضی میں بھی اس قسم کی وارداتوں میں ملوث رہا ہے۔
- ☆ یہ گروہ انتہائی چالاکی سے اپنی واردات کے لیے جگہ، وقت کا تعین اور منصوبہ بندی کرتا ہے۔
- ☆ ملزمان تک پہنچنے کے لیے ٹیکنیکل ڈیٹا، سی سی ٹی وی فوٹیج اور اور دیگر ذرائع کو استعمال کیا گیا۔
- ☆ نماز عید کے بعد 03 ملزمان صرافہ بازار سے متصل جوتوں کی دکان میں تالا توڑ کر داخل ہوئے اور درمیانی دیوار میں نقب لگا کر
- ☆ صرافہ کی دکان میں داخل ہوئے اور لاکر توڑ کر سونا چوری کیا۔
- ☆ ملزمان تقریباً 21 گھنٹے تک واردات میں مصروف رہے۔
- ☆ ملزمان کے بقیہ ساتھی باہر نگرانی کرتے رہے اور سیل فون کے ذریعے رابطے میں رہے۔
- ☆ گروہ کے بقیہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔